سوال

(531) سورۃ الفاتحہ کے بغیر پڑھی گئی نمازوں کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ویب سائٹ پر دیئے گئے سوالات سے اندازہ ہوتا ہے کہ سورۃ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی، تو جو نمازیں سورۃ فاتحہ کے بغیر پڑھی گئی ہوں، ان کا کیا حکم ہے؟ کیا ان کو دوہرانا پڑے گا؟ ازراہ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دیں۔ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں سورۃ الفاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی، کیونکہ یہ نماز کا رکن ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''لا صلاۃ لمن لم یقرا بفاتحۃ الکتاب''(رواہ البخاري 714)

جس شخص نے سورہ فاتحہ نہ پڑھی اس کی کوئی نماز نہیں ہے۔

لیکن لاعلمی میں سورہ فاتحہ کے بغیر پڑھی گئی نمازوں کا حکم ذرا مختلف ہے۔ آپ معذور ہیں اور امید ہے کہ اللہ تعالی آپ کی جہالت کی وجہ سے آپ کی ان نمازوں کا ضرور اجر دے گا۔ آپ نمازیں دہرانے کی بجائے اس غلطی پر اللہ سے معافی مانگیں اور دوبارہ ایسا نہ کریں۔ اب علم ہو جانے کے بعد آپ پر لازم ہے کہ ہر نماز کی ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ ضرور پڑھیں۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1